# 16-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ریاست میں آج نومنتخبہ بلدی صدورنشین اور نائب صدورنشین نے عہدہ کا حلف لیا۔ 11 بلدیات، صدورنشین اور نائب صدورنشین کے انتخاب کا عمل ملتوی کردیا گیا ہے۔

۲۔ کانگریس نے نظام آباد، محبوب نگر اور نلگنڈہ کارپوریشنوں پر قبضہ کرلیا ہے جبکہ بی جے پی نے کریم نگر اور کوتہ گوڑم میں سی پی آئی کا میئر منتخب ہوا ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر لکشمن کمار نے کہا ہے کہ دھرماپوری بلدیہ کی ترقی پہلی ترجیح ہے۔

۴۔ راجستھان کے علاقہ بھیوڑی میں آتشزدگی واقعہ میں سات افراد ہلاک ہوگئے۔ وزیراعظم مودی نے اس واقعہ پر گہرے صدمہ کا اظہار کیا اور ورثہ کو تعزیت پیش کی۔

KARIMNGAR:

چار دن کے تجسس کے بعد بی جے پی نے کریم نگر میئر کی سیٹ پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کرلیا اگرچہ بی جے پی، 66 کے منجملہ 30 سیٹوں پر جیت کے ساتھ سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری تھی تاہم اُس وقت صورتحال کشیدہ ہوگئی جب وزیر پونم پربھاکر نے دعویٰ کیا کہ کانگریس بھی میئر کے عہدہ کے حصول کی دوڑ میں شامل ہے۔ بہرحال کل ہند مجلس اتحادالمسلمین آزاد کونسلرس کی حمایت کے باوجود کانگریس کو درکار تعداد نہیں مل پائی جبکہ بی آر ایس کا موقف اہمیت کا حامل تھا۔ بی جے پی کیلئے اس وقت صورتحال ہموار ہوگئی جب بی آر ایس پارٹی نے انتخابی عمل کے بائیکاٹ کا اعلان کیا۔ اس طرح بی جے پی امیدوار کولا گانی سرینواس، 69 کے منجملہ 34 ووٹ حاصل کرتے ہوئے کریم نگر کے میئر بن گئے جبکہ سنیل راؤ کو ڈپٹی میئر کی حیثیت سے منتخب کیا گیا۔

MAHABUBNGAR:

کانگریس پارٹی نے نظام آباد اور محبوب نگر کارپوریشنوں میں اپنا کنٹرول بنالیا ہے۔ نظام آباد میں کانگریس نے مجلس اتحاد المسلمین کے ساتھ اتحاد کے ذریعہ میئر کا عہدہ حاصل کرلیا۔ اس طرح اومارانی میئر اور سلمیٰ تحسین نظام آباد کی ڈپٹی میئر منتخب ہوئیں۔ اسی دوران کانگریس کی گومل ممتا محبوب نگر کی میئر کے طور پر منتخب ہوگئی۔ کارپوریٹرس کی جانب سے حلف لینے کے بعد یہ انتخابات ہوئے۔ نظام آباد میں کانگریس نے 17 سیٹیں جیتی ہیں اور ایم آئی ایم کے ساتھ اتحاد کیا ہے جس نے 14 ڈویژنوں پر قبضہ جمایا ہے۔ کانگریس نے بااعتبار عہدہ دو ارکان اور ایک بی آر ایس امیدوار کی حمایت سے 34 ووٹوں کی اکثریت حاصل کرلی۔ بی جے پی کی جانب سے 28 سیٹیں جیتنے کے باوجود کانگریس۔مجلس اتحاد، بی جے پی کو میئر کا عہدہ حاصل کرنے سے روکنے میں کامیاب رہا۔ میئر کا عہدہ خواتین کیلئے محفوظ رکھا گیا ہے لہٰذا غور وخوص کے بعد اومارانی کے نام کو قطعیت دی گئی جبکہ مجلس کی سلمیٰ تحسین کو ڈپٹی میئر کا عہدہ ملا۔

WANAPARTY:

بلدیہ ونپرتی کے نومنتخبہ کونسلرس کی حلف برداری تقریب میونسپل آفس میں منعقد ہوئی۔ ڈپٹی الیکشن آفیسر سبرامنیم کی نگرانی میں اور تحصیلدار رمیش ریڈی اور بلدی صدرنشین ونکٹیشورلو کی موجودگی میں 33 کونسلرس نے حلف لیا جن میں کانگریس سے 22 ارکان، بی آر ایس کے 8، بی جے پی کے 2 اور سی پی ایم کا ایک کونسلرس شامل ہے۔

KOTHAGUDAM:

سی پی آئی اور کانگریس کے کارپوریٹرس نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے دفتر بلدیہ میں حلف لیا۔

سی پی آئی کے مدھو گنیش نے کوتہ گوڑم کے پہلے میئر کے عہدہ کا حلف لیا جبکہ کانگریس کی نو کالا سریتا نے ڈپٹی میئر کی حیثیت سے حلف لیا۔ کانگریس اور سی پی آئی کے درمیان اتحاد کے معاہدہ کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ دونوں پارٹیاں ڈھائی، ڈھائی سال کیلئے میئر کا عہدہ اپنے پاس رکھیں گے۔ اڈیشنل کلکٹر وینو گوپال نے کارپوریٹرس کو حلف دلایا جبکہ اس موقع پر ایم پی رگھو رام ریڈی بھی موجود تھے۔

JANGAON:

جنگاؤں کے آر ڈی او گوپی رام نے اعلان کیا ہے کہ بلدیہ جنگاؤں کے صدرنشین اور نائب صدرنشین کا انتخاب کل تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ یادادری بھونگیر کے ایم پی کرن کمار ریڈی کے احتجاج کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے 28 ویں وارڈ کی کونسلر حفیظہ فاطمہ کے اغوا اور مشتبہ حالت میں عدم دستیابی کے معاملہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس کے وارڈ ممبرس نے ضابطہ اخلاق کی سنگین خلاف ورزی کی ہے۔ الیکشن آفیسر اور آر ڈی او نے عمدگی سے انتخابی کارروائی کو یقینی بنانے کیلئے چیرمین اور نائب چیرمین کا انتخاب کل تک کیلئے ملتوی کر دیا۔

RTGS:

گیمس فاؤنڈیشن کے بانی وصدرنشین بل گیٹس اِس وقت آندھراپردیش کے دورہ پر ہیں۔ انہوں نے سکریٹریٹ میں واقع رئیل ٹائم گورننس کمانڈ سنٹر (آرٹی جی ایس) کا آج دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ریاستی وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو بھی موجود تھے۔ اِن دونوں نے اڈمنسٹریشن میں ٹکنالوجی کے استعمال کے عمل کا باریکی سے جائزہ لیا۔ نائیڈو نے بل گیٹس کو تفصیلات بتائیں کہ

رئیل ٹائم گورننس کے ذریعہ کس طرح تیزی کے ساتھ عوام کی خدمت کی جاتی ہے۔ بل گیٹس نے مختلف اقدامات بشمول ڈاٹا لیک، اویک 2.0، واٹس ایپ حکمرانی، سنجیونی پروجیکٹ اور امراوتی کیپٹل پروجیکٹ کا معائنہ کیا۔

FIRE:

بھیوڑی، راجستھان میں واقع ایک کیمیکل فیاکٹری میں آج صبح کی ابتدائی ساعتوں میں آگ بھڑک اٹھنے کا واقعہ پیش آیا۔جس کے نتیجہ میں 7 افراد زندہ جل گئے۔ پولیس کے مطابق ایک بڑے دھماکہ کے بعد آگ بھڑک اٹھی۔ مقامی افراد نے فائرڈپارٹمنٹ کو اطلاع دی۔ایمرجنسی عملہ فوری مقام واقعہ پہنچا۔آس پاس کی فیاکٹریوں کے ورکرس کو دوسرے مقام منتقل کیا گیا۔ عہدیداروں نے توثیق کی کہ سات لاشیں برآمد ہوئی ہیں جبکہ فیکٹری کے اندرمزید مزدوروں کے پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ اِس طرح ہلاکتوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔آگ کی بناپر کافی نقصان ہوا ہے۔شبہ کیا گیا ہے کہ گیس سلنڈرس کی بناپر دھماکہ ہوا۔وزیراعظم نریندرمودی نے اِس المناک واقعہ پر گہرے صدمہ کا اظہار کرتے ہوئے مہلوکین کے افرادِ خاندان سے اظہارِتعزیت کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بھجن لال شرما نے اِس واقعہ پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہتر علاج فراہم کیا جائے۔

YADADRI

یادادری بھونگیر کے ضلع الیکشن آفیسر وکلکٹر ہنمنت راؤ نے آج اعلان کیا ہے کہ ضلع میں دوسرے عام بلدی انتخابات کا مرحلہ پرامن طور پر اختتام کو پہنچا۔ انہوں نے اِس سلسلہ میں تمام عہدیداروں اورارکانِ عملہ کو مبارکبادی۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی اسی طرح اقدامات کئے جائیں گے۔

3D PRINTING

ہنمکنڈہ گورنمنٹ آئی ٹی آئی کے پرنسپل جی سکرو نے اعلان کیا ہے کہ پی ایم کے وی وائی 4.0 اسکیم کے تحت اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹر میں 3D پرنٹنگ کورس کے تحت مفت ٹریننگ دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ تین ماہ پر مشتمل ایک کورس 20 فروری سے شروع ہوگا۔ پرنسپل کے مطابق عصری ٹکنالوجی میں اپنی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے خواہشمند نوجوانوں کیلئے یہ ایک زبردست موقع ہے۔خواہشمند امیدوار، اپنے ایس ایس سی میمو کا زیراکس ہنمکنڈہ آئی ٹی آئی میں راست داخل کرسکتے ہیں۔

RAMAGUNEM:

راما گنڈم میونسپل کارپوریشن کے میئر اور ڈپٹی میئر کے طور پر کانگریس کے مہا کالی سوامی اور ایلیا یادو منتخب ہوئے ہیں۔نومنتخبہ کارپوریٹرس نے پیر کو حلف لیا۔راما گنڈم کے ایم ایل اے راج ٹھاکر نے نومنتخب میئر اور ڈپٹی میئر کو مبارکبادی۔

ADLURI:

ریاستی وزیر لکشمن کمار نے اعلان کیا ہے کہ بلدی صدرنشین اور نائب صدرنشین کا انتخاب پارٹی قیادت کے فیصلہ کے تحت ہوا ہے۔ضلع جگتیال میں دھرماپوری بلدی ارکان کی حلف برداری میں شرکت کرتے ہوئے وزیر نے توثیق کی کہ ناگالکشمی کو چیرمین اور رمنا کو وائس چیرمین منتخب کیا گیا ہے۔

Sound Byte

VAISHNAW-AI:

الکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ ہندوستان کی تیزی سے بڑھتی معیشت میں ملک کی طاقتور ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر اسکل والی صلاحیت ہے۔نئی دہلی میں اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026ء کے سرکاری سیٹلائٹ ایونٹ سیشن کے دوران انہوں نے مختلف شعبوں میں مصنوعی ذہانت کی تبدیلیوں کو اجاگر کیا اور کہا کہ نئی ٹکنالوجی سے کام کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

Haj

مرکزی وزارت اقلیتی امور نے عازمین حج کیلئے نئی دہلی میں اورنٹیشن کم ٹریننگ پروگرام کا اہتمام کیا۔مملکتی وزیر اقلیتی بہبود جارج کورین نے اِس پروگرام کا افتتاح کیا۔ اِس پروگرام کے ذریعہ حج 2026ء کی تیاریوں کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے۔ اِس سال ہندوستان سے تقریباً 1.75 لاکھ افراد حج کی سعادت حاصل کریں گے۔

Ramchandar Rao

بی جے پی تلنگانہ کے لیڈر رام چندر راؤ نے تلنگانہ بالخصوص حیدرآباد میں ایس آئی آر کے ذریعہ فہرست رائے دہندگان پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔میونسپل اور کارپوریشن انتخابی نتائج سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس، بی آر ایس، مجلس اتحادالمسلمین اور کمیونسٹ جماعتیں متحد ہوکر بی جے پی کو روک رہی ہیں۔ اِس کے باوجود بی جے پی نے ماضی کے مقابلہ زیادہ سیٹیں جیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے 25 بلدیات میں فیصلہ کن موقف حاصل کیا ہے جبکہ دیگر 15 مقامات پر واحد بڑی جماعت بن کر ابھری۔ تلنگانہ کے عوام

اور مرکزی وزیر بنڈی سنجے سے اظہارِ تشکر کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حلیف جماعتیں اپنے انتخابی اتحاد کے بارے میں وضاحت کریں۔

Sound Byte

○○